سوال

حرام چیزوں کا ادویات میں استعمال

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جو چیزیں حرام ہیں مثلاً شراب، افیون، بھنگ وغیرہ ان کو دوائی میں استعمال کرنا جائز ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مشکوۃ میں ہے :

«عن ابی درداء قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ انزل الداء والدواء فتداووا ولاتداووا بحرام» رواہ ابوداوٗد (مشکوۃ باب الطب والرقی ص 380)

''ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں : خدانے کوئی بیماری نہیں اتاری ہے ۔ مگراس کی شفابھی اتاری پس دواء کرو اور حرام کے ساتھ دوانہ کرو۔''

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کسی حرام شئے کے ساتھ دواء نہ کرنی چاہیے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الطہارت، پانی کا بیان، ج1ص238